تعارف

اقرأ حفّاظ سیکنڈری اسکول

ابتدائی سے دینی و عصری تعلیم کا مکمّل و معیاری امتزاج

ملک بھر میں شاخوں کا مربوط سلسلہ

اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ پاکستان

اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول

ہمارا تصور

اسلام کی اشاعت کے لیے مسلک اور فرقہ
سے بالاتر ہو کر بچوں کو تعلیم کے ایک
ایسے مربوط نظام سے وابستہ کرنا جس
سے اخوت و بھائی چارے کا ماحول پیدا ہو

ہمارا نصب العین

ہر طالب علم کو مذہبی، اخلاقی اور
معاشرتی قدروں سے مانوس و متعارف
کراتے ہوئے ایک سچا مسلمان بنانا
مسلمان بچوں کو دینی و عصری تعلیم
سے آراستہ کرتے ہوئے پاکستان کا وفادار،
مفید اور کار آمد شہری بنانا

ہمارا عزم

حفظ قرآن کریم کو بنیاد بنا کر ہر شعبۂ
زندگی کے لیے معیاری تعلیم و تربیت
سے آراستہ رجال کار کی فراہمی
قرآن کی عملی تفسیر کے حامل افراد پر
مبنی فلاحی معاشرے کی تشکیل

ہماری بنیادی اقدار

احسان

ہر کام میں عمدگی اور بہترین معیار کے حصول کی کوشش

امانت و دیانت

طلبہ میں احساس پیدا کرنا کہ ان کا وقت، علم اور
صلاحیت اللہ کی امانت ہیں، جنہیں پوری دیانتداری سے
استعمال کرنا ہے

خود شناسی و احساس ذمہ داری

طلبہ میں اپنی شناخت اور ذمہ داری کا احساس پیدا کرنا
کہ ان میں سے ہر ایک اہم ہے اور ہر ایک اپنی صلاحیت و
استعداد کے مطابق ذمہ دار بھی ہے

ہماری تہذیب

اسلامی تعلیمات پر مبنی عقائد و نظریات
اور عقل و دانش سے آراستہ تمدن اور
اخلاق و معاشرت
ایک ایسی تہذیب کی آبیاری جہاں طلبہ
اپنے اسلامی ورثے پر فخر محسوس کریں
اور ساتھ ہی جدید دنیا کی مشکلات اور
آزمائشوں کا سامنا کرنے کے لیے
خود اعتماد رہیں

اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ

قائم شدہ: ۳۰ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ بمطابق 4 اپریل 1984ء کراچی

ہمارے محترم بانی ممبران

افتتاح بدست ودعا

حضرت
ڈاکٹر عبدالحی عارفی
نوراللہ مرقدہٗ

بانی وصدرِاوّل

شیخ الحدیث ومفتی اعظم پاکستان
مفتی ولی حسن ٹونکی
رحمۃ اللہ علیہ

صدرِ دوم

حضرت اقدس مولانا
محمد یوسف لدھیانوی شہید
رحمۃ اللہ علیہ

صدرِ سوم

حضرت
سید انور حسین نفیس شاہ الحسینی
رحمۃ اللہ علیہ

صدرِ چہارم

شیخ الحدیث حضرت مولانا
عبدالمجید لدھیانوی
رحمۃ اللہ علیہ

صدرِ پنجم

حضرت مولانا
عبدالرزاق اسکندر
رحمۃ اللہ علیہ

موجودہ صدر

حضرت
ڈاکٹر عبدالسلام خان
دامت برکاتہم العالیہ

موجودہ سرپرست

شیخ الاسلام
حضرت مفتی محمد تقی عثمانی
مولانا حافظ ناصر الدین خاکوانی
صاحبزادہ مولانا خواجہ خلیل احمد
دامت برکاتہم العالیہ

بانی ونائب مدیران

حضرت مولانا مفتی
محمد جمیل خان شہید رحمۃ اللہ علیہ
حضرت مولانا مفتی
مزمل حسین کاپڑیا رحمۃ اللہ علیہ

بنیادی اراکین ٹرسٹ

مفتی خالد محمود (نائب مدیر)
مفتی محمد بن جمیل (نائب مدیر)
مولانا محمد ثانی
محترمہ زاہدہ مزمل
حافظ عبداللہ خالد
ڈاکٹر عبدالباری خان

اعزازی ٹرسٹی

جناب محمد یونس بنگالی
جناب میاں محمد احسن
جناب حاجی محمد صدیق

اقرأ حُفّاظ اسکول

تعارف

ایک منفرد ''ابتدائی'' شعبہ

حفظِ قرآن کی تکمیل کرنے والے
طلباء وطالبات کے لیے
اقرأ حفاظ اسکول
کا ایک منفرد ''ابتدائی شعبہ''
برائے ''جدید عصری تعلیم''
زیرانتظام
اقرأروضۃ الاطفال ٹرسٹ (پاکستان)

Preparatory VI Class

Preparatory For VI Class (P-VI/پریپ ششم) اقرأ نظام تعلیم کے تیسرے مرحلے کا حصہ ہے، اس لیے تقریباً ہر قابل ذکر شاخ میں قائم ہے؛ البتہ اپنے نصاب اور خصوصیات کی بناء پر مستقل اور منفرد حیثیت کا حامل ہے، اس لیے اس شعبہ کا مستقل تعارف پیش خدمت ہے:

ابتدائی عصری تعلیم (PRIMARY EDUCATION) کے لیے Prep-VI حفظ قرآن کریم کی تکمیل کرنے والے طلباء وطالبات کے لیے اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ کے تحت جدید عصری تعلیم کا ایک منفرد شعبہ ہے۔ اس شعبہ میں ایک سال کی مدت میں حفظ کی پختگی اور دہرائی کے ساتھ ساتھ جدید علوم کے بنیادی مضامین اردو، انگریزی، ریاضی اور سائنس کی تعلیم اس طرح دی جاتی ہے کہ اگلے سال طالب علم کلاس ششم (Class VI) میں داخلہ کا اہل ہو جائے۔ یہ نصاب پورے ملک میں کامیابی کے ساتھ رائج ہے۔ ہر صاحب نظر اور باخبر اس منفرد اور بے مثال شعبہ کی کامیابی کا معترف ہے۔

- بنیادی مقاصد
- نصاب تعلیم
- نظام تعلیم
- نظامِ امتحانات
- قواعد وضوابط
- نمایاں خصوصیات

بنیادی مقاصد

اس شعبہ کے بنیادی مقاصد حسبِ ذیل ہیں:

پہلا مقصد......حفظ کی دہرائی

اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ کے اس شعبہ میں چونکہ حفاظ طلباء وطالبات ہی کو داخلہ دیا جاتا ہے، اس لیے اس کا سب سے اہم مضمون ''حفظِ قرآن'' ہے۔ لہٰذا اس شعبہ کا اوّلین مقصد یہی ہے کہ جن طلباء وطالبات نے قرآن کریم حفظ کیا ہے، اُن کی دہرائی اور گردان جاری رہے، تاکہ انہیں قرآن کریم یاد رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ قرآن کریم سے متعلق مختلف معلومات، علم التجوید اور مسنون دعاؤں کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔

دوسرا مقصد......جدید علوم کی تعلیم

طلباء وطالبات کو جدید عصری علوم (انگریزی، اردو، ریاضی، سائنس، کمپیوٹر اور ڈرائنگ وغیرہ) کی تعلیم اس انداز سے دی جائے کہ وہ صرف ایک سال کے عرصہ میں اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول کی چھٹی جماعت میں داخلہ کے قابل ہو جائیں۔

تیسرا مقصد......اخلاقی تربیت

مذکورہ علوم کی تدریس کے ساتھ ساتھ طلباء وطالبات کی، اسلامی خطوط پر کردار سازی اور اخلاقی تربیت بھی اقرأ نظام تعلیم کے بنیادی مقاصد میں سے ہے۔

ان بنیادی مقاصد کے حصول کے لیے اس شعبہ کے تعلیمی اوقات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

(۱) کل تعلیمی وقت کا نصف حصہ پہلے مقصد یعنی حفظ کی پختگی اور دہرائی کے لیے مختص ہے۔

(۲) بقیہ نصف حصہ دوسرے مقصد یعنی اسکول کی تعلیم کے حصول کے لیے مختص ہے۔

تربیت و ذہن سازی کا سلسلہ دونوں حصوں میں مناسب حکمت عملی اور ترتیب سے جاری رہتا ہے۔

نصابِ تعلیم

اس شعبہ کے لیے تجویز کردہ نصاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلا حصہ...... جدید عصری علوم

اس حصے میں انگریزی، اردو، سائنس، ریاضی، کمپیوٹر اور ڈرائنگ کے مضامین شامل ہیں۔

دوسرا حصہ...... دینیات

اس حصے میں ’’حفظ قرآن کریم کی دہرائی‘‘ کے ساتھ ’’علم التجوید‘‘ اور اقرأ نظامِ تعلیم کی مرتب کردہ ’’اسلامیات‘‘ شامل ہے۔

نظامِ تعلیم اور امتحانات

تعلیمی سال اور امتحانات

تعلیمی سال تقریباً 12 ماہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ طلباء وطالبات کی کارکردگی کا مستقل بنیادوں پر جائزہ ہوتا رہتا ہے۔ ہر تعلیمی سال میں دو میقات ہوتے ہیں۔ میقات اوّل کے اختتام پر پہلا میقاتی امتحان جبکہ میقات دوم کے اختتام پر دوسرا میقاتی امتحان ہوتا ہے۔ ان دونوں میقاتوں میں حاصل کردہ نمبرات کو جمع کرکے مجموعی فیصد نمبرات کے مطابق طالب علم/ طالبہ کا حتمی نتیجہ تیار کیا جاتا ہے۔

امتحان میں شرکت کے لیے حاضری کی شرط

امتحان میں شرکت کے لیے کم از کم 90% حاضری ضروری ہے۔ حاضری کم ہونے کی صورت میں امتحان میں شرکت سے روکا جاسکتا ہے۔

اگلی جماعت میں ترقی کے لیے مقرر کردہ معیار

اگلی جماعت میں ترقی کے لیے طالب علم/ طالبہ کے حاصل کردہ مجموعی نمبر 50% یا اس سے زائد ہونے چاہئیں۔ 50 فیصد سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول کی اگلی جماعت میں ترقی کا اہل نہیں سمجھا جائے گا۔

حفظ کے جائزے میں کامیابی کے لیے مقرر کردہ معیار

ہر مہینے اہتمام کے ساتھ حفظ کا جائزہ ہوتا ہے، ایک میقات میں پانچ جائزے ہوتے ہیں اور ہر جائزہ کے کل نمبر 20 ہوتے ہیں۔ حاصل کردہ نمبرات کا ریکارڈ اسکول میں محفوظ رہتا ہے۔ جس طالب علم/ طالبہ کے ماہانہ جائزہ میں نمبر 75 فیصد سے کم ہوتے ہیں، اس کے والدین کو بلوا کر بچے/ بچی کے حفظ کی کمزوری کو دور کرنے کے لیے مشاورت کی جاتی ہے؛ تاکہ والدین اپنے بچے/ بچی کے حفظ میں بہتری لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں۔

جس طرح اقرأحفاظ اسکول میں داخلے کے لیے حفظ کا امتحان پاس کرنا ضروری ہے، اسی طرح آئندہ جماعت میں ترقی اور اسکول میں داخلہ برقرار رکھنے کے لیے بھی ماہانہ جائزوں میں حاصل کردہ نمبرات کا مجموعہ 75% سے زائد ہونا ضروری ہے۔ بصورت دیگر ایسے طالب علم/ طالبہ کو غیر حافظ تصور کرتے ہوئے اسکول میں مزید تعلیم فراہم کرنے سے انکار کر دیا جاتا ہے۔ (چاہے دیگر مضامین میں اس کے نمبرات 50% سے زائد ہی کیوں نہ ہوں) اس لیے کہ یہ اسکول صرف حفاظ طلباء وطالبات کے لیے ہے؛ البتہ حفظ کے جائزے کے نمبرات مجموعی فیصد اور گریڈ میں شامل نہیں ہوتے۔

انفرادی مضمون میں کامیابی کے لیے مقرر کردہ معیار

کامیابی کے لیے ہر مضمون میں 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے، اس سے کم نمبر حاصل کرنے والے طالب علم/ طالبہ کو اس مضمون میں کامیاب تصور نہیں کیا جائے گا۔

پوزیشن کا تعین

جو طالب علم/ طالبہ کسی بھی مضمون میں ناکام ہو، اس کے امتحانی نتیجہ میں اس کی پوزیشن کا تعین نہیں کیا جائے گا۔ نیز جو طلبہ امتحان میں کسی بھی وجہ سے شریک نہ ہوسکیں (اگرچہ بعد میں امتحان دے بھی دیں) ان کی پوزیشن کا تعین بھی نہیں کیا جائے گا۔

امتحان میں حاصل کردہ نمبرات کے فیصد کے مطابق گریڈز کا خاکہ۔

School Grading

A-1	90%
A	80%
B	70%
C	60%
D	50%
Ungraded less than 50%	

حفظ کی درجہ بندی

ممتاز مع الشرف	95%
ممتاز	90%
جید جداً	85%
جید	80%
مقبول	75%
ضعیف	75% سے کم

داخلہ کے لیے مقرر کردہ شرائط وضوابط

اس شعبے میں داخلہ کی دو ہی شرطیں ہیں:

(۱) حافظ قرآن ہونا (اس طرح کہ منزل معیاری درجہ میں یاد ہو)

(۲) عمر کا بارہ سال یا اس سے کم ہونا (جس کی تصدیق نادرا کا ''ب فارم'' بھی کرے اور ظاہری حالت بھی)

لہٰذا ان شرائط پر پورا اترنے والے اقرأ کے حفاظ وحافظات کے علاوہ بیرونی طلباء وطالبات بھی داخلے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا معیار پر پورا نہ اترنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کو داخلہ نہیں دیا جاتا۔

P-VI کا تعلیمی سال، تکمیل حفظ کے امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد شروع ہو جاتا ہے۔

واضح رہے کہ اس شعبے میں بھی انتظامی اعتبار سے وہی اصول وضوابط رائج ہیں جو اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول کے لیے وضع کیے گئے ہیں۔

طلباء وطالبات کے لیے مقرر کردہ وضع قطع

* طلباء وطالبات کے لیے روزانہ مقرر کردہ صاف ستھرا یونیفارم پہن کر آنا ضروری ہے۔ نامکمل یونیفارم میں طالب علم/طالبہ کو درس گاہ میں نہیں بٹھایا جائے گا۔
* اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی واضح رہے کہ اقرأ ایک دینی ادارہ ہے، یہاں تعلیم حاصل کرنے والا ہر طالب علم اور طالبہ حافظ قرآن ہے، لہٰذا ہر طالب علم/طالبہ کی وضع قطع (ظاہری حلیہ) اسلام کے زرّیں اُصولوں کے مطابق ہونی چاہیے۔
* بالغ طلباء کے لیے شرعی داڑھی کی پابندی ادارے کے اُن اُصولوں میں سے ہے جن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، داڑھی ترشوانے یا کٹوانے کی صورت میں ادارے سے خارج کر دیا جائے گا۔
* جن طالبات کی عمر پردہ کی ہو چکی ہو، ان کے لیے سادہ اور سیاہ برقعہ میں آنا ضروری ہے۔
* طلباء کے لیے اپنے بالوں کی تراش خراش تہذیب کے دائرے میں رکھنا بھی ضروری ہے، اگر بال بڑھے ہوں گے اور تنبیہ کے باوجود نہیں ترشوائے جائیں گے تو جب تک والدین ضابطہ کے مطابق طالب علم کے بال نہ ترشوا دیں، اُس وقت تک ایسے طالب علم کو درسگاہ میں نہیں بٹھایا جائے گا۔ بصورت دیگر ضابطے کی مسلسل خلاف ورزی پر طالب علم کا نام اسکول سے خارج بھی کیا جا سکتا ہے۔

اسکول ٹرانسپورٹ

واضح رہے کہ ادارہ صرف تعلیم و تربیت کا ذمہ دار ہے، ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کرتا، ٹرانسپورٹ کا انتظام والدین خود کریں۔ گاڑی نہ آنے کی صورت میں بچے/ بچی کو بروقت ادارہ پہنچانے کی ذمہ داری والدین کی ہوگی، لہٰذا کسی زحمت سے بچنے کے لیے والدین قبل از وقت اپنے ٹرانسپورٹر کے موبائل نمبر لے لیں اور ہنگامی حالات میں انہی سے رابطہ کریں۔ تاخیر سے آمد کی صورت میں ادارہ بچوں کو واپس کرنے کا مجاز ہے۔

فیس

☆ اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ ایک غیر تجارتی تعلیمی ٹرسٹ ہے؛ نہ کہ کوئی خیراتی یا عطیاتی ادارہ۔ لہٰذا طلباء و طالبات کے لیے لازمی ہے کہ مقررہ شرح فیس کے مطابق فیس ادا کریں۔

☆ داخلہ کے وقت والدین حالیہ فیس اور مستقبل میں ہونے والے اضافے کو مدنظر رکھ کر ہی اپنے بچے/ بچی کا داخلہ کروانے کا فیصلہ کریں۔

☆ ہر جاری ماہ کی ماہانہ فیس اسی ماہ کے پہلے پانچ دنوں میں لازماً ادا کریں، بروقت ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں ادارہ تادیبی کارروائی کرے گا جس میں بچے/ بچی کا نام خارج بھی کیا جاسکتا ہے۔

تعطیلات

چوں کہ اقرأ حفاظ اسکول ایک خود مختار تعلیمی ادارہ ہے اور اس کی اوّلین ترجیح طلباء و طالبات کی معیاری تعلیم و تربیت ہے، لہٰذا طویل تجربات کی روشنی میں ادارہ نے تعطیلات کے حوالے سے اپنی ترتیب مقرر کی ہوئی ہے۔ امتحانات اور تعطیلات کا نظام الاوقات ہر تعلیمی سال کے آغاز پر جاری کر دیا جاتا ہے۔ کیوں کہ اقرأ حفاظ اسکول میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ کی دہرائی بھی مستقل بنیادوں پر ہوتی رہتی ہے، اس لیے عین ممکن ہے کہ سرکاری تعطیل کے اعلان کے باوجود ادارہ میں تعلیمی سرگرمیاں (جیسے قرآن کریم کی دہرائی وغیرہ) جاری رہیں۔ لہٰذا کسی کو بھی یہ حق نہ ہوگا کہ ایسے مواقع پر تعطیل کا تقاضہ کرے، تعطیل نہ کرنے پر احتجاج کرے یا کسی طرح کا دباؤ ڈالے۔ ایسا ہر قدم ناجائز اور اُصول و ضوابط کے خلاف شمار ہوگا۔

اساتذہ/والدین ملاقات

ہر شاخ میں پرنسپل/ ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس سے ملاقات کے اوقات مختلف ہیں، اس سلسلے میں متعلقہ شاخ سے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں کہ کن ایام اور اوقات میں ملاقات ممکن ہے اور ملاقات کی ترتیب کیا ہے۔ مقررہ ایام و اوقات اور مقررہ ترتیب کے علاوہ ملاقات پر اصرار نہ فرمائیں؛ کیوں کہ اس سے ادارے کا تعلیمی نظام متأثر ہوتا ہے۔

آپ کے بچے/ بچی کی تعلیمی صورتحال میں بہتری کے لیے ہوم ورک ڈائری کے ذریعے آپ سے رابطہ رکھا جاتا ہے، بعض اوقات اسی ڈائری، آن لائن پیغام/ فون یا سرکلر کے ذریعے آپ کو ملاقات کے لیے ادارے میں بلایا جاتا ہے۔ لہٰذا ہوم ورک ڈائری کو روزانہ اہتمام سے دیکھا کریں اور اپنے بچے/ بچی کو تاکید کر دیں کہ ادارے کی جانب سے جو بھی سرکلر جاری ہو آپ کو ضرور دکھائیں۔

واضح رہے کہ طالبات کے اسکول میں صرف والدہ یا خاتون سرپرست جب کہ طلباء کے اسکول میں والد یا مرد سرپرست ہی سے ملاقات ممکن ہوسکے گی۔

گھریلو دینی ماحول کی فراہمی میں والدین کا تعاون

طلباء وطالبات کو تعلیمی اوقات کے علاوہ بھی اپنی گھریلو زندگی اسلامی اُصولوں کے مطابق گزارنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ والدین سے گزارش ہے کہ خود بھی غیر شرعی رسومات یا تقریبات میں شریک نہ ہوں اور اپنے بچوں کو بھی شرکت پر مجبور نہ کریں۔ اپنے قول و عمل سے اپنے بچوں کے لیے ایک مثبت اور روشن نمونہ پیش کریں، تاکہ آپ نے اپنے بچے/ بچی کے حفظِ قرآن کے سلسلے میں جو کوششیں اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر کی ہیں، ان کا پورا پورا فائدہ آخرت میں سامنے آئے اور اس دنیا میں بھی ثمرات و برکات سے فائدہ اٹھا سکیں۔

گھریلو دینی ماحول کی فراہمی میں والدین کا تعاون

داخلہ

داخلہ اس بات سے مشروط ہوتا ہے کہ طالبِ علم/ والدین/ سرپرست، اقرأ حفاظ اسکول کے اصول وضوابط (مثلاً حاضری وقت کی پابندی، یونیفارم، فیس کی بروقت ادائیگی اور وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی ہدایات) کے پابند رہیں گے۔ اگر باوجود تنبیہ کے اصول وضوابط کی پابندی نہ کی جائے تو داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ داخلے کی منسوخی کی صورت میں کوئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

نوٹ

اگر خدانخواستہ آپ کا بچہ/ بچی کسی بیماری میں مبتلا ہے جیسے دمہ، سانس کی تکلیف، دل کی تکلیف، ٹی بی وغیرہ تو ازراہِ مہربانی اس کی نشاندہی فرمادیں؛ تاکہ کسی خطرے کی صورت میں صحیح رُخ پر مدد کی جاسکے۔ بیماری کے اچانک حملہ کی صورت میں آپ کو فوری اطلاع کس نمبر پر دی جائے؟ فوری طبی امداد کے لیے کس ہسپتال میں پہنچایا جائے؟

اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول

نمایاں خصوصیات

- حفاظ طلباء و طالبات کے لیے چھ سال میں میٹرک کی تکمیل۔
- ملک کے طول و عرض میں قائم شاخوں کا مضبوط اور منظم نیٹ ورک۔
- طلباء و طالبات کے لیے علیحدہ علیحدہ اسکول۔
- روزانہ کی بنیاد پر حفظ قرآن کی دہرائی کی ترتیب۔
- دینی و عصری تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم و تربیت کا خصوصی انتظام۔
- اعلیٰ تعلیم یافتہ و تجربہ کار اساتذہ۔
- اخلاقی تربیت و کردار سازی۔
- عربی، اردو اور انگریزی زبانوں میں تقریر و تحریر پر خصوصی توجہ۔
- سہ زبانی ہم نصابی سرگرمیوں کا مستقل انعقاد۔
- جدید تعلیمی اصولوں پر مشتمل نظام امتحانات اور امتحانی پرچوں کی مرکزی جانچ۔
- مستقبلی مشاورت سے متعلق فکری نشست کا اہتمام۔
- کتابوں کے وسیع ذخیرہ پر مشتمل لائبریری۔
- وسیع و عریض، ہوادار درس گاہیں۔
- ملٹی میڈیا پروجیکٹر اور جدید تکنیکی سہولیات سے مزین کمپیوٹر لیب۔
- جدید سائنسی آلات پر مشتمل وسیع سائنس لیب۔
- اسٹینڈ بائی جنریٹر۔
- C.C.TV سے مؤثر نگرانی۔



پاکستان بھر میں
اقرأ حفاظ اسکولز کا وسیع نیٹ ورک

صوبہ سندھ	16
صوبہ پنجاب	60
صوبہ خیبر پختونخواہ	45
صوبہ بلوچستان	06
گلگت بلتستان	36
آزاد کشمیر	06
کل شاخیں	169

زیر انتظام

اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ

اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول

اقرأ نظامِ تعلیم کے چوتھے مرحلے (حفظ قرآن کریم اور P-VI) کی کامیاب تکمیل کے بعد طلباء و طالبات اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول میں داخلے کے اہل ہو جاتے ہیں۔ ثانوی سطح کا نصاب (چھٹی تا دسویں جماعت) دو حصوں پر مشتمل ہے۔ جدید عصری علوم کا نصاب صوبائی محکمہ تعلیم کا منظور شدہ ہے، جب کہ دینی علوم کا نصاب اقرأ نظامِ تعلیم سے منسلک علماء کرام کا مرتب کردہ ہے۔ یہ تمام اسکول صوبائی حکومت کی نظامت تعلیم سے منظور شدہ اور ثانوی تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ ہیں۔ اس وقت اقرأ حفاظ اسکول کی 169 شاخیں ملک عزیز کے چاروں صوبوں سمیت آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات (گلگت۔بلتستان اور چترال) میں بھی حفاظ و حافظات کو عصری و دینی تعلیم سے آراستہ کرتے ہوئے علم کی روشنی پھیلا رہی ہیں۔

واضح رہے کہ اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول صرف اور صرف حافظ طلباء و طالبات کے لیے مخصوص ہے، غیر حافظ طلباء و طالبات داخلہ کے اہل نہیں ہیں۔

اقرأ حفاظ کالج

میٹرک کے بعد اقرأ انٹرمیڈیٹ کالج کے دو سالہ پروگرام میں بھی داخلہ لیا جا سکتا ہے، اس میں اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے منظور شدہ نصاب کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ اس دو سالہ پروگرام میں طلباء/ طالبات پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، آئی سی ایس، ایف اے (آئی ٹی) اور کامرس میں کسی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ شعبہ کراچی لاہور، کوئٹہ، راولپنڈی، کہوٹہ اور پشاور میں سرگرمِ عمل ہے اور اپنے اعلیٰ تعلیمی معیار اور بہترین نتائج کی بنیاد پر اس کا شمار اپنے شہر کے صفِ اول کے کالجوں میں کیا جاتا ہے۔

اقرأ معهد الحافظات

اقرأ نے اپنی ان طالبات کے لیے جو بیک وقت دینی اور عصری علوم میں مہارت کی آرزومند ہیں، چھ سالہ عالمہ کورس کا آغاز کیا ہے۔ جس میں انہیں نہ صرف یہ کہ دینی علوم: تفسیر قرآن، حدیث، فقہ، عربی زبان، اسلامی تاریخ، اُصولِ تفسیر، اُصولِ حدیث، اُصولِ فقہ، بنیادی عقائد وغیرہ کا معیاری نصاب پڑھایا جاتا ہے؛ بلکہ اس کے علاوہ نویں جماعت سے گریجویشن تک (جنرل اور آرٹس گروپ کے تحت) تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

اب تک کئی گروپ اس کورس کی اعلیٰ طریقہ سے تکمیل کر چکے ہیں، متعدد طالبات نے اس شعبہ میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران نہ صرف بورڈ کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کیں بلکہ درسِ نظامی کے نصاب کو بھی احسن طریقے سے مکمل کیا۔ فللّٰہ الحمد۔

اقرأ حفاظ گرلز کالج اور اقرأ معہد الحافظات کے شعبے اس وقت کراچی، لاہور، پشاور، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور کہوٹہ میں کام کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد دیگر بڑے شہروں میں ان شعبوں کا قیام عمل میں آجائے گا۔

اقرأ معهد الحفاظ

طلباء میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی علوم کے حصول کا رجحان اور شوق دیکھتے ہوئے اقرأ معہد الحفاظ کے شعبے کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔اس شعبہ میں تعلیم حاصل کر کے طلباء وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے درسِ نظامی کی تکمیل کی سند اور متعلقہ یونیورسٹی سے (BS) کی ڈگری حاصل کر سکیں گے۔

اس شعبہ میں طلبہ کو جماعت ہشتم میں کامیابی کے بعد داخلہ دیا جاتا ہے۔

کراچی

لاہور

پشاور

کوئٹہ

اقرأ حفاظ اسکول وکالج میں منعقد ہونے والی ہم نصابی سرگرمیاں

اقرأ نظام تعلیم جہاں حفاظ بچوں کی تعلیمی صلاحیتوں کو صحیح نہج پر پروان چڑھانے کے لیے کوشاں ہے، وہیں ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی ان کی شرکت کو یقینی بنا رہا ہے جو کہ کسی بھی فرد کی مکمل مضبوط شخصیت کے لیے امرِ لازم ہے۔ اسی ضمن میں اقرأ حفاظ اسکول وکالج ہر سال اپنی مختلف شاخوں میں مختلف پروگرام مثلاً مقابلہ حفظ قرآن، مقابلہ حسنِ قرأت، مقابلہ نعت خوانی، مقابلہ بیت بازی، سہ زبانی تقریری مقابلے، قرآنی معلومات، نصابی معلومات، معلوماتِ عامہ اور ذہنی آزمائشی مقابلوں کا انعقاد کرتا ہے۔

اس کے علاوہ ''یوم متعلمین'' (Student's Day)، کھیل کود کے مقابلے ثقافتی اور سائنسی نمائش وغیرہ کا بھی باقاعدہ انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ طلباء وطالبات معاشرے میں اپنا فعال کردار بحسن وخوبی نبھا سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیمی میدان کے ساتھ ساتھ یہ ہونہار ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی اپنی کامیابی کا لوہا منوا رہے ہیں اور اسکول کی سطح سے لے کر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کی سطح تک اور بین المدارس ہم نصابی سرگرمیوں کے مقابلوں میں شرکت کر کے متعدد بار مختلف پوزیشن اور انعامات حاصل کر چکے ہیں۔

اقرأ حفاظ اسکول کا منفرد اعزاز

اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ پوری دنیا میں یہ واحد ادارہ ہے جس کا ہر طالب علم/ طالبہ حافظ قرآن ہے۔

اقرأ حفاظ اسکول میں منعقد ہونے والی مختلف النوع نمائش کی تصویری جھلکیاں

مجلّہ اقرأ کا اجراء

اقرأ جہاں دوسرے شعبوں میں طلباء وطالبات کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لاتا رہا ہے، وہیں اس نے شعبہ تحریر ونشر واشاعت میں بھی ان طلبہ کی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کے لیے ماہانہ جریدہ ''مجلّہ اقرأ'' کا اجراء کیا ہے۔ یہ مجلّہ گزشتہ کئی برسوں سے باقاعدگی سے شائع ہورہا ہے۔ مجلّہ کو طلباء وطالبات اور دوسرے اہلِ علم حضرات کی طرف سے جو پذیرائی ملی ہے وہ نہایت حوصلہ افزاء اور اطمینان بخش ہے۔

شعبۂ ترقی مہارات کا قیام

الحمدللہ! اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ نے جدید تدریسی تقاضوں کے پیشِ نظر ایک باقاعدہ شعبہ ''شعبۂ ترقی مہارات'' قائم کیا ہے۔ اس شعبہ میں نامور ماہرین تعلیم اساتذہ کی جدید پیشہ ورانہ خطوط پر تربیت کرتے ہیں۔ اس تربیت میں انسانی نفسیات ورویہ کی سوجھ بوجھ اور تدریسی مضامین کے جدید اسلوب پر خصوصیت سے توجہ دی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں تربیت دینے کے لیے ایسے ماہرین کو مدعو کیا جاتا ہے جن کی مہارت اپنے شعبے میں مسلّم ہے۔ اس شعبہ میں دوسرے اسلامی اسکولوں کے اساتذہ کو بھی تربیت فراہم کی جاتی ہے۔

حرفِ آخر

اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ کا بنیادی مقصد حفاظ طلبہ کو دینی اور دنیاوی تعلیم کے شعبوں میں صفِ اوّل میں لانا ہے اور اللہ کے فضل وکرم سے پاکستان کے نمایاں اور بڑے تعلیمی اداروں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے اقرأ کے حفاظ طلبہ اس کا واضح ثبوت ہیں۔ ملکِ عزیز کے ان مقتدر اداروں میں انجینئرنگ یونیورسٹی کراچی انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور، جامعہ علومِ اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور، ڈاؤ میڈیکل کالج کراچی، سندھ میڈیکل کالج کراچی، LUMS، NUST، جامعہ مدنیہ لاہور، مدرسۃ الحسنین فیصل آباد اور دیگر نمایاں ادارے شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان بچوں اور بچیوں کے حفظِ قرآن کو قبول فرمائے اور اقرأ میں پڑھنے والے تمام طلباء وطالبات اور دنیا بھر میں حفظِ قرآن کے خواہش مند تمام بچوں کو حفظِ قرآن کریم کی دولت سے مالا مال فرمائے اور انہیں قرآن کریم کو زندگی بھر پڑھتے رہنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین!)

اقرأروضۃالاطفال ٹرسٹ پاکستان

اقرأروضۃالاطفال کی کچھ نمایاں شاخیں

کراچی زون — صوبہ سندھ

نمبر شمار	علاقہ/کوڈ نیم	شاخوں کے نام	مکمل پتہ	ٹیلی فون نمبر
1	ضیاءالدین	شاخ سیدنا ابوبکر صدیقؓ	F-108، بلاک ''B'' نارتھ ناظم آباد کراچی	021-36677163
2	نرسری	شاخ سیدنا عمر فاروقؓ	W-43، بلاک 6، P.E.C.H.S سوسائٹی، کراچی	021-34529579
3	گلشن اقبال	شاخ سیدنا عثمان غنیؓ	S.T-5/3، بلاک نمبر 7، اسکیم نمبر 24 گلشن اقبال کراچی	021-34817250
4	نارتھ ناظم آباد	شاخ سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ	S.T-2/1، بلاک T، نارتھ ناظم آباد، نزد قلندریہ چوک، کراچی	021-36634125
5	باتھ آئی لینڈ	شاخ سیدنا عبداللہ بن عباسؓ	B/5 G.O.R. باتھ آئی لینڈ، کلفٹن، نزد طیبہ مسجد، کراچی	021-35834176
6	الحمراء سوسائٹی	شاخ سیدۃ خدیجۃ الکبریٰؓ	40، الحمراء سوسائٹی، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی	021-34545059
7	ماڑی پور	شاخ سیدنا امام ابو یوسفؒ	گریکس مسلم کالونی ہاکس بے روڈ، ماڑی پور، کراچی	021-32352761
8	جوبلی	شاخ سیدنا عبدالرحمٰن بن عوفؓ	نذیر منزل، میٹا ملی روڈ، جوبلی کراچی	021-32721691
9	ملت ٹاؤن	شاخ سیدنا ابوالدرداؓ	پلاٹ نمبر S.2/8، سروے نمبر 208، ملت ٹاؤن، ملیر کراچی	021-34591654
10	سٹیزن کالونی	شاخ سیدہ صفیہ بنت حییؓ	مکان نمبر 308، سٹیزن کوآپریٹو سوسائٹی، حیدرآباد	022-2661029

کوئٹہ زون — صوبہ بلوچستان

نمبر شمار	علاقہ/کوڈ نیم	شاخوں کے نام	مکمل پتہ	ٹیلی فون نمبر
11	ائیرپورٹ روڈ	سیدنا سعد بن معاذؓ	ائیرپورٹ روڈ نزد بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ	081-2873347
12	ریلوے سوسائٹی	سیدنا زید بن خطابؓ	ریلوے سوسائٹی کوئٹہ	03337844342
13	سٹیلائٹ ٹاؤن	سیدہ سمیّہ	سٹیلائٹ ٹاؤن کوئٹہ	081-244219
14	خانوزئی	شاخ سیدہ ماریہ قبطیہؓ	نزد گرلز کالج خانوزئی	0826-427315
15				

پشاور زون — صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	علاقہ/کوڈ نیم	شاخوں کے نام	مکمل پتہ	ٹیلی فون نمبر
16	ورسک روڈ	شاخ سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ	ورسک روڈ بابو گڑھی پشاور	091-5200035
17	ورسک روڈ	شاخ سیدہ اسماء بنت ابی بکرؓ	ورسک روڈ بابو گڑھی پشاور	091-5200335
18	کوہاٹ روڈ	شاخ سیدہ رقیہؓ	رنگ روڈ سرحد یونیورسٹی نزد فہدسی این جی پمپ پشاور	0332-5230700
19	ناصر باغ	شاخ سیدنا سالم بن ابی حذیفہؓ	ناصر باغ روڈ بالمقابل پولیس کالونی پشاور	091-5710315
20	دلہ زاک روڈ	شاخ سیدنا حرام بن ملحانؓ	نزد شاہ پور چوکی دلہ زاک روڈ پشاور	091-2920200
21	چارسدہ	شاخ سیدنا حنظلہ بن ابی عامرؓ	غنی خان روڈ بلمقابل کشمیر باغ چارسدہ	091-6513121
22	مردان	شاخ سیدنا براء ابن مالکؓ	دوسہرہ چوک مردان	0937-861000
23	نوشہرہ	شاخ سیدنا قاسم بن محمدؒ	محلہ ہارون آباد کھنڈر سٹاپ نوشہرہ	0923-201535
24	شبقدر	شاخ سیدنا اویس بن صامتؓ	(عمارت نمبر 1) پہلوان قلعہ نزد حیوانات ہسپتال شبقدر	091-6282244
25	شبقدر	شاخ سیدنا اویس بن صامتؓ	(عمارت نمبر 2) مٹہ روڈ نزد ایف، سی قلعہ شبقدر	091-6281872
26	صوابی	شاخ سیدنا قدامہ بن مظعونؓ	پنج پیر لارہ جہانگیرہ روڈ صوابی	0938-280242
27	یار حسین	شاخ سیدنا عبداللہ بن مظعونؓ	نزد گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 یار حسین صوابی	0938-460402
28	بام خیل	شاخ سیدنا عثمان بن مظعونؓ	ٹوپی روڈ نزی کندہ بام خیل صوابی	0315-8231166
29	اکوڑہ خٹک	شاخ سیدنا عتبان بن مالکؓ	مصری بانڈا روڈ نزد سول ہسپتال اکوڑہ خٹک	0923-630003
30	دیر بالا	شاخ سیدنا سہل بن سعدؓ	ریحان آباد نزد بلال مسجد دیر بالا	0944-880256
31	سپلائی	شاخ سیدنا سعد بن عبادہؓ	ملک ہاؤس، نیازی کالونی، بالمقابل قریشی پیٹرول پمپ، سپلائی ایبٹ آباد	0992-416074
32	نواں شہر	شاخ سیدنا سلمہ بن ہشامؓ	احتشام کالونی، جھاڑیاں روڈ، نواں شہر، ایبٹ آباد	0312-5631724
33	حویلیاں	شاخ سیدنا سلمہ بن ثابتؓ	ہسپتال محلہ، نزد جامع مسجد فاروق اعظم، حویلیاں شہر، ایبٹ آباد	0992-811194
34	اوگی	شاخ سیدنا اسعد بن زرارہؓ	کچہری روڈ، نزد پوسٹ آفس، اوگی، ضلع مانسہرہ	0345-9460045
35	بٹگرام	شاخ سیدنا عثمان بن مظعونؓ	نزد مرکزی مسجد، پٹرول پمپ، سعید مارکیٹ، بٹگرام	0997-311741
36	اجمیرہ	شاخ سیّدنا معوذ بن عفراءؓ	گاؤں اجمیرہ، تحصیل وضلع بٹگرام، خیبر پختونخوا	0322-9212192
37	تھاکوٹ	شاخ اُم المؤمنین سیدہ جویریہؓ	ڈاکٹر فلک ناز بلڈنگ، حیات مارکیٹ، نزد مکی مسجد، تھاکوٹ، بٹگرام	0997-402883

لاہور زون — صوبہ پنجاب

نمبر شمار	علاقہ/کوڈ نیم	شاخوں کے نام	مکمل پتہ	ٹیلی فون نمبر
38	چونگی	شاخ سیدنا سعید بن زیدؓ	17 کلومیٹر فیروز پور روڈ چونگی امر سدھو لاہور	042-35922784
39	شاہ جمال	شاخ سیدنا الحسینؓ	4۔شاہ جمال کالونی لاہور	042-37423166
40	ماڈل ٹاؤن	شاخ سیدنا ابولبابہ انصاریؓ	دارالفرقان، مڑیاں چوک، ماڈل ٹاؤن، لاہور	042-35914915
41	راجگڑھ	شاخ سیدنا خالد بن ولیدؓ	16-A راج گڑھ روڈ چوبرجی لاہور	042-37353500
42	چوبرجی پارک	شاخ سیدہ الشہداء حمزہؓ	۸۱-۸۰، چوبرجی پارک، لاہور	042-37423166
43	پاکستان منٹ	شاخ سیدنا سعد بن مالکؓ	گلستان کالونی نمبر 3 پاکستان منٹ لاہور	042-36559266
44	راوی پارک	شاخ سیدہ سودہ بنت زمعہؓ	16-A مولانا احمد علی روڈ راوی پارک لاہور	042-37721983
45	چناب موڑ	شاخ سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ	عمر بلاک منصورہ ھوم سوسائٹی، چناب موڑ ہنجر وال، لاہور	042-35431238
46	بیدیاں روڈ	شاخ سیدنا حنظلہؓ	ٹھیٹھر گاؤں بیدیاں روڈ لاہور	042-37167656
47	واپڈا ٹاؤن	شاخ سیدہ ام کلثومؓ	مکان نمبر 26 بلاک H-2 فیز 1 واپڈا ٹاؤن لاہور	042-35189177
48	قصور	شاخ سیدنا زبیر ابن العوامؓ	کچہری روڈ، پی ٹی سی ایل کالونی قصور	049-2770349
49	منڈی عثمان	شاخ سیدنا سلمان فارسیؓ	مین روڈ نزد تھانہ منڈی عثمان والہ تحصیل وضلع قصور	0492-793231
50	پتوکی	شاخ سیدنا صفوان بن امیہؓ	نزد اسپائر کالج، ملتان روڈ، پتوکی	049-4560558
51	رائے ونڈ	شاخ سیدہ رُفیدہؓ	بالمقابل شارمل نزد حویلی اجتماع گاہ سندر روڈ رائے ونڈ	042-35391094
52	مریدکے	شاخ سیدنا عمرو بن العاصؓ	نزد کینال ریسٹ ہاؤس مریدکے	042-37166319
53	ڈیرہ اسماعیل خان	شاخ سیدنا مصعب بن عمیرؓ	یونیورسٹی روڈ ویشم ہاؤسنگ سوسائٹی نزد ویشم کالج ڈیرہ اسماعیل خان	0966-720090

لاہور

راولپنڈی



گوجرانوالہ

جہانیاں

جھانیاں زون

54	جھانیاں	شاخ سیدنا ابو موسیٰ الاشعریؓ	ابراہیم ٹاون جھانیاں	0305-2211185
55	رحیم یار خان	شاخ سیدنا امام احمد بن حنبلؒ	چک نمبر p/111 والا موڑ جیل روڈ رحیم یار خان	068-5903270
56	ملتان	شاخ سیدنا ابراہیم بن محمدؓ	مکان نمبر 111۔H بلاک شاہ رکن عالم کالونی ملتان	0302-6021118
57	میلسی	شاخ سیدنا عکاشہؓ	سرگانہ روڈ، نزد تبلیغی مرکز، میلسی	0331-2009555
58	بہاولپور	شاخ سیدنا حاطب بن ابی بلتعہؓ	مکان نمبر B/04 (غربی) ٹرسٹ کالونی بہاولپور	0331-7306000
59	میاں چنوں	شاخ سیدنا ارقم بن ارقمؓ	گلی نمبر 2۔ بسم اللہ ٹاون نزد گرڈ اسٹیشن تلمبہ روڈ میاں چنوں	0301-6230730

گوجرانوالہ زون

60	سیٹلائٹ ٹاؤن	شاخ سیدنا ابو ایوب انصاریؓ	D/156، سیٹلائیٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ (گرلز اسکول)	055-3732815
61	سیٹلائٹ ٹاؤن	شاخ سیدنا ابو ایوب انصاریؓ	D/156، سیٹلائیٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ (بوائز اسکول)	055-3407815
62	جلیل ٹاؤن	شاخ سیدنا مقداد بن اسودؓ	مکان نمبر 156/A گلی نمبر 4 جلیل ٹاؤن گوجرانوالہ	055-4299067
63	گجرات	شاخ سیدنا زید بن ثابتؓ	علی پور روڈ نزد علی پورہ چوک گجرات	0533-709552
64	پسرور	شاخ سیدنا قیس بن سعدؓ	کلاسوالہ روڈ نزد بجلی گھر پسرور	052-6440730
65	شکر گڑھ	شاخ سیدنا عُروہ بن مسعودؓ	محلہ ریاض پورہ عقب ایکسچینج کالج روڈ شکر گڑھ	054-2451750
66	نارووال	شاخ سیدنا عامر بن الاکوعؓ	سمن آباد کالونی نزد ایس پی ہاؤس سرکلر روڈ نارووال	054-2410502
67	علی پور چٹھہ	شاخ سیدہ اُمِّ الفضل لُبابہؓ	مدرسہ نذر الاسلام ریلوے روڈ علی پور چٹھہ	055-6333607
68	سیالکوٹ	شاخ سیدنا قتادہ بن نعمانؓ کیمپس (1)	کیپٹل روڈ ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ	052-3241250
69	گلوٹیاں	شاخ سیدنا سَعد بن رَبیعؓ	گلوٹیاں کلاں تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ	0333-8115801
70	پیپلز کالونی / فیصل آباد	شاخ سیدنا عبد اللہ بن ہلال الانصاریؓ	120/C پیپلز کالونی نمبر 1 نزد جڑانوالہ روڈ فیصل آباد	041-8710505
71	سمن آباد / فیصل آباد	شاخ سیدنا مُغیرہ بن شُعبہؓ	گلی نمبر 6 امین آباد نمبر 2 سمن آباد فیصل آباد	041-2564114
72	جھنگ	شاخ سیدہ زینب بنت جحشؓ	بستی کل والی نزد سبزی منڈی بند روڈ جھنگ	0477-500217

راولپنڈی زون

73	آفندی کالونی	شاخ سیدنا انس بن مالکؓ	پلاٹ نمبر 22 آفندی کالونی، سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی	051-4573638
74	صدر	شاخ سیدنا جعفر طیارؓ	مکان نمبر 4، سرور روڈ، صدر کینٹ، راولپنڈی	051-4252556
75	خیابانِ سرسید	شاخ سیدنا طلحہؓ	مکان نمبر A-164 سیکٹر 1، نیو گولڈن CNG خیابان سرسید، راولپنڈی	051-4831645
76	واہ کینٹ	شاخ سیدنا نعمان بن بشیرؓ	نیو سٹی، فیز نمبر 01، اسٹریٹ نمبر 16، واہ کینٹ، راولپنڈی	051-4903917
77	کہوٹہ	شاخ اُم المؤمنین سیدہ میمونہؓ	نزد CNG پمپ، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال روڈ، کہوٹہ، راولپنڈی	051-3313754
78	کلر سیداں	شاخ سیدنا عروہ بن زبیرؓ	نزد گورنمنٹ پرائمری اسکول، تھانہ روڈ، کلر سیداں، راولپنڈی	051-3570382
79	سکوٹ	شاخ سیدنا علاء بن عبد اللہؓ	سینتھا سکوٹ، کلر سیداں، راولپنڈی	0300-5115623
80	اٹک	شاخ سیدنا عمرو بن جموحؓ	بالمقابل اسلم مروت ہسپتال، لالہ زار کالونی، علی مسجد والی گلی، کامرہ روڈ، اٹک	057-2541012
81	حضرو	شاخ سیدنا حسان بن ثابتؓ	ریتلہ منڈی، نزد قصاباں والی مسجد، حضرو شہر، ضلع اٹک	057-2313627
82	کامرہ	شاخ سیدہ اُمِّ حبیبہؓ	نزد فیضان مدینہ مسجد، قرطبہ موڑ، کامرہ کینٹ، تحصیل حضرو، ضلع اٹک	057-2642240

آزاد کشمیر

83	باغ	شاخ اُمّ المومنین سیدہ زینبؓ	نزد گرڈ اسٹیشن، باغ، آزاد کشمیر	05823-444575
84	منگ ساہلیاں	شاخ سیدنا بشیر بن سعدؓ	ساہلیاں، تحصیل و ضلع باغ، آزاد کشمیر	05823-445313
85	ریڑہ	شاخ سیدنا سعد بن عبیدؓ	ریڑہ، تحصیل ضلع باغ، آزاد کشمیر	05823-434782
86	میرپور	شاخ سیدنا ابوذر غفاریؓ	نزد D.E.O آفس، مکان نمبر 24، سیکٹر B-2 میرپور، آزاد کشمیر	05827-446685

گلگت زون (شمالی علاقہ جات)

87	کنوداس	شاخ سیدہ ام حرامؓ	گورنمنٹ کالونی، نزد این ایل آئی گراؤنڈ، کنوداس گلگت	05811457376
88	بسین	شاخ سیّدنا عبد اللہ بن جعفرؓ	جاگیر بسین (گلگت)	03555175454
89	مناور	شاخ سیّدنا ابو قحافہؓ	زُری محلہ، علاقہ مناور، تحصیل و ضلع گلگت	03555175454
90	گلاپور	شاخ سیدنا ابو طلحہ انصاریؓ	گاؤں بیارچی، ڈاکخانہ گلاپور، تحصیل پنیال ضلع غذر	03554506006
91	جگلوٹ	شاخ سیدنا امیر معاویہؓ	جگلوٹ سئی، تحصیل و ڈاکخانہ جگلوٹ، ضلع گلگت	05811400486
92	ڈموٹ	شاخ سیدنا علاء الحضرمیؓ	محلہ ڈموٹ، ڈموٹ تحصیل جگلوٹ (گلگت)	03555175454
93	بونجی	شاخ سیدنا محمد بن مسلمہ انصاریؓ	فارم محلہ، ڈاکخانہ بونجی، تحصیل و ضلع استور	03555175454
94	استور	شاخ سیدنا ابو محذورہؓ	نگرچوہ کالونی، ڈاکخانہ استور، ضلع استور	03555175454
95	چلاس	شاخ سیدہ زینب بنت محمدؐ	محمود آباد، تکیہ محلہ، تحصیل و ڈاکخانہ چلاس، ضلع دیامر	05812450901

سکردو زون

96	سکردو	شاخ سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ	حبیب منزل، نزد سیاچن ہاؤس، سدپارہ روڈ سکردو، بلتستان	05815455242
97	براہ	شاخ سیدنا زید بن علیؒ	محلہ براہ پائین، ڈاکخانہ براہ بالا، تحصیل خپلو، ضلع گنگ چھے، بلتستان	03554344128
98	ڈغونی	شاخ سیدنا جعفر صادقؒ	محلہ سلطان آباد، ڈاکخانہ و تحصیل ڈغونی، ضلع گنگ چھے، بلتستان	03554344128
99	خپلو	شاخ سیدہ ام سلیم بنت ملحانؓ	محلہ ملالیو، تحصیل و ڈاکخانہ خپلو، ضلع گنگ چھے، بلتستان	05816450588

چترال زون

100	بلچ	شاخ سیدہ فاطمہ بنت خطابؓ	گرم چشمہ روڈ، بلچ، چترال	0943413868
101	زرگراندہ	شاخ سیدنا اُسید بن حضیرؓ	نزد شاہی مسجد روڈ، زرگراندہ، تحصیل و ضلع چترال	0943412460
102	برنس	شاخ سیدنا قثم بن عباسؓ	موژدہ، برنس، تحصیل و ضلع چترال	03330510525
103	ریشن	شاخ سیّدنا فضل بن عباسؓ	اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ ریشن	03212331009

غذر زون

104	گاہکوچ	شاخ سیدنا صہیب رومیؓ	داماس، ڈاکخانہ گاہکوچ، ضلع غذر	05814450402
105	بوبر	شاخ سیدنا رافع بن خدیجؓ	گاؤں بوبر، ڈاکخانہ بوبر، ضلع غذر	03555053214
106	سلپی	شاخ سیّدنا اویس قرنیؒ	اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ سلپی	03555053214
107	چٹورکھنڈ	شاخ سیدنا عمار بن یاسرؓ	کوچہ نزد سٹی تھانہ، چٹور کھنڈ، تحصیل اشکومن، ضلع غذر	03555249080
108	پکورا	سیّدنا عبد اللہ بن سلامؓ	پکورہ تحصیل اشکومن، ضلع غذر	03555249080
109	ایمت	شاخ سیدہ حلیمہ سعدیہؓ	مقام و ڈاکخانہ ایمت، تحصیل اشکومن، ضلع غذر	03555249080
110	سمال	شاخ سیدنا عدی بن حاتمؓ	گاؤں سمال، تحصیل و ڈاکخانہ گوپس، ضلع غذر	03555053214
111	گوپس	شاخ سیدنا عمران بن حصینؓ	نزد سول کورٹ، تحصیل و ڈاکخانہ گوپس، ضلع غذر	05814455188
112	یاسین	شاخ سیدنا زید بن حارثہؓ	تھوداس محلہ، ڈاکخانہ و تحصیل یاسین، ضلع غذر	05814460231
113	سندھی	شاخ سیّدنا جریر بن عبد اللہؓ	گاؤں سندھی تحصیل یاسین (ضلع غذر)	03555053214
114	نوح	سیدنا ابان بن سعید بن العاصؓ	گاؤں نوح، تحصیل یاسین، ضلع غذر	03555053214
115	گندائے	سیّدنا منظر بن قدامہؓ	گاؤں گندائے تحصیل یاسین (ضلع غذر)	03555053214
116	پھنڈر	شاخ سیدہ خولہ بنت حکیمؓ	گاؤں پھنڈر، تحصیل و ڈاکخانہ پھنڈر، ضلع غذر	03555247059
115	گلاغمولی	سیّدنا عمرو بن مکتوم القرشیؓ	گاؤں گلاغمولی، ترِچ، تحصیل پھنڈر (ضلع غذر)	03555053214

بٹگرام

گلگت

گاہکوچ